# ماڈل پیپر اسلامیات گریڈ 8

## عمومی ہدایات

1) طلباء وطالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پر نشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں ورنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہوسکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔ نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔ اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہوگا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہوگا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے۔** ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ اسلام کے ارکان کی تعداد ہے۔

(a) تین (b) چار (c) پانچ (d) چھ

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

وقت: 54 منٹ

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 27 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔ صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**

**سوال نمبر 1۔ عقیدہ آخرت کس چیز کی بنیاد فراہم کرتا ہے؟**

(a) بدی (b) فائدے (c) نیکی (d) نقصان

**سوال نمبر 2۔ اسلام میں استقامت کا حکم اس لیے دیا گیا ہے کہ ہماری آزمائش ہو جائے کہ ہم اپنے ایمان کے دعوٰی میں کس حد تک**

(a) سچے ہیں (b) کلمہ گو ہیں (c) بہادر ہیں (d) برداشت کرسکتے ہیں

**سوال نمبر 3۔ حضرت اسماءؓ کہتی ہیں کہ رسول ﷺ نے خطبہ کے دوران قبر کی آزمائش کا ذکر فرمایا تو سب مسلمان**

(a) اپنے مسلمان ہونے پر خوش ہوئے (b) اس قدر روئے کہ ان کی ہچکی بندھ گئی

(c) خوف سے اس قدر کانپنے لگے کہ بے ہوش ہو گئے (d) اپنا مال اللہ کی راہ میں دینے کے لیے تیار ہو گئے

**سوال نمبر 4۔ خشیت الٰہی سے مراد ہے**

(a) اللہ تعالیٰ کی اطاعت (b) اللہ تعالیٰ کی رضا

(c) اللہ تعالیٰ کی محبت (d) اللہ تعالیٰ کا ڈر

**سوال نمبر 5۔ منافقت کا مفہوم یہ ہے کہ انسان**

(a) اندر سے کچھ اور باہر سے کچھ اور ہو (b) نیکی کا کام چھپ کر کرے ظاہر نہ کرے

(c) دوسروں کو بھلائی کا حکم دے اور خود عمل نہ کرے (d) دوسروں کی برائیوں کی حوصلہ افزائی کرے

**سوال نمبر 6-** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام تھا۔

(a) آسیہ (b) مریم (c) زینب (d) آمنہ

**سوال نمبر 7-** لوگوں کے ساتھ آپ ﷺ کی نرمی اور حسن سلوک کا ذکر اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ سے کیا

(a) تم زمین والوں پر رحم کرو آسمان والا تم پر رحم کرے گا

(b) پس اللہ کی رحمت سے تم ان پر مہربان ہوئے۔ اگر آپؐ ایسے نہ ہوتے تو وہ اسلام قبول نہ کرتے

(c) پس اللہ کی رحمت کے سبب تم ان کے لیے نرم دل ہوئے اگر تم مزاج کے اکھڑ اور سخت دل ہوتے تو یہ لوگ تمھارے پاس سے منتشر ہو گئے ہوتے

(d) مسلمانوں پر اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے کہ تم نرم دل ہوئے ورنہ یہ لوگ تمھارے پاس سے منتشر ہو گئے ہوتے

**سوال نمبر 8-** حضور ﷺ عفو درگزر کا نمونہ تھے۔ آپؐ نے کبھی مارا نہ کسی سے انتقام لیا مگر مقابلہ صرف اس وقت کیا جب

(a) اللہ تعالیٰ کی حدود کو توڑا جاتا (b) اسلام کی دعوت کو قبول نہ کیا جاتا

(c) آپ کو دکھ دیا جاتا (d) آپؐ کے گھر والوں کو دکھ دیا جاتا

**سوال نمبر 9-** ارشاد ربانی ہے "اَلَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ" کا درست ترجمہ ہے

(a) جو لوگ اپنے رب کی طرف سے آئی ہوئی آزمائش پر پورا اترتے ہیں وہی اپنے رب پر توکل کرنے والے ہیں

(b) جو لوگ ناگوار حالات کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہیں وہ اللہ پر توکل کرنے والے ہوتے ہیں

(c) صبر کرنے والے اور اللہ ہی پر توکل کرتے ہیں

(d) مشکلات اور آزمائشوں کو خوشدلی سے قبول کرنے والے صابر اور اللہ پر توکل کرنے والے ہیں

**سوال نمبر 10-** اپنے ملنے جلنے والوں سے یکساں سلوک کرنا

(a) معاشرتی مجبوری اور رسم ہے (b) حسن عہد ہے اور ایمان کی نشانی ہے

(c) ضروری نہیں، کیونکہ یہ ایک رسم ہے (d) ضروری ہے لیکن جو رشتہ دار ہو

**سوال نمبر 11-** حسن معاشرت کے حوالے سے اسلام نے ہمیں حکم دیا ہے کہ اپنے تمام مسلمان بھائیوں کی

(a) امداد، خیر خواہی اور غمگساری کریں

(b) حق بات کو مان لیں امداد کریں اور کفایت شعار بنائیں

(c) بہتری کے لیے کام کریں، انہیں کوئی کام نہ کرنے دیں اور امداد لینے کے لیے آمادہ کریں

(d) غم گساری کریں، اپنے اہل خانہ کے آرام کو ترک کردیں اور دوسروں کے لیے اپنی جان قربان کردیں

**سوال نمبر 12-** جب انسان کے اندر تقویٰ کی صفت پیدا ہو جائے تو اس کے لیے

(a) برائی سے بچنا اور بھلائی اختیار کرنا نہایت ہی مشکل ہو جاتا ہے (b) ہر کام آسان ہو جاتا ہے اور مشکلات سے نہیں گھبراتا

(c) برے لوگوں سے لڑائی جھگڑا کرنا آسان ہو جاتا ہے (d) برائی سے بچنا اور بھلائی اختیار کرنا آسان ہو جاتا ہے

**سوال نمبر 13-** "اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى" کا ترجمہ ہے

(a) بے شک اللہ تعالیٰ کو عدل پسند ہے اور یہ تقویٰ ہے (b) عدل رشتہ داروں کو قریب کر دیتا ہے۔ یہی تقویٰ ہے

(c) عدل سے انحراف نہ کریں کیونکہ یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے (d) عدل کرو۔ یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے

**سوال نمبر 14-** حضور صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے منافقت کس کو قرار دیا ہے؟

(a) تکلیف اور جھوٹ (b) جھوٹ اور مکر فریب

(c) جھوٹ اور وعدہ خلافی (d) حسد اور وعدہ خلافی

**سوال نمبر 15-** **رسول ﷺ کا انداز گفتگو ظاہر کرنے کے لیے الفاظ کی صحیح فہرست منتخب کریں۔**

(a) بہت سخت، آواز میں رعب و دبدبہ، چند باتوں میں پورا مفہوم

(b) بات کی مناسبت سے آواز اور لہجے میں تیزی، نرمی اور مختصر الفاظ میں پورا مفہوم

(c) غلطی کرنے والے کو سب کے سامنے سمجھاتے، سخت لہجہ اختیار کرتے تاکہ وہ محتاط ہو جائے

(d) محبت سے لبریز، گفتگو میں مسکراہٹ، مختصر الفاظ جسے سمجھنا مشکل ہوتا

**سوال نمبر 16-** **غزوہ احزاب میں مسلمانوں کے خلاف جنگ پر آمادہ کرنے والے گروہ کے لوگ تھے۔**

(a) قریش اور عیسائی (b) عیسائی اور بت پرست

(c) مختلف عرب قبائل اور یہودی (d) یہودی اور عیسائی

**سوال نمبر 17-** **خشیت الٰہی کے متعلق ارشاد ربانی ہے**

(a) اللہ کے نیک بندے وہ ہیں جو نماز ادا کرتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں اور مال جمع کرتے ہیں

(b) کسی شخص کا مرتبہ اسکی دنیاوی سرداری یا مال و دولت پر نہیں بلکہ اللہ سے ڈرنے پر ہے

(c) خشیت الٰہی انسان کو اللہ کے بہت قریب کر دیتی ہے اس کی بنیاد مال و دولت پر ہے

(d) دنیاوی سرداری یا مال و دولت نیکی کی بنیاد بنتا ہے یہی خشیت الٰہی ہے

**سوال نمبر 18-** **سچا دیانتدار تاجر قیامت کے روز کن کے ساتھ ہوگا؟**

(a) انبیاء، صدیقین، شہداء (b) شہداء، اساتذہ، انبیاء

(c) انبیاء، صحابہ، ملائکہ (d) ملائکہ، صدیقین، صلحاء

**سوال نمبر 19-** **اسلامی حکومت کا اولین فریضہ ہے**

(a) نماز قائم کریں، زکوۃ کی ادائیگی کا اہتمام کریں، نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں

(b) نماز قائم کریں، زکوۃ کی ادائیگی کا اہتمام کریں، خوراک مہیا کریں

(c) لوگوں کو نیکی کا حکم دیں، ملازمتوں کا اہتمام کریں، معزوروں کا خیال رکھیں

(d) اسلامی اصولوں کے مطابق سزائیں دیں، برائیوں کی حوصلہ شکنی کریں

**سوال نمبر 20-** **اتحاد ملی سے مراد ہے**

(a) ایک دوسرے کے مذہب کا احترام کرنا

(b) اتفاق اور اتحاد کے موضوع پر بحث کرنا

(c) زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنے کی کوشش کرنا

(d) قوم کا عقیدے اور نظریے کی بنیاد پر ایک ہونا

**سوال نمبر 21-** **حضرت عیسٰی علیہ السلام کو قتل کرنے کی سازش یہودیوں نے اس لیے کی کہ انہیں خطرہ پیدا ہو گیا تھا کہ ان کی مقبولیت سے یہودیوں کی**

(a) ساکھ ختم ہو جائے گی اور وہ محکوم اور غلامانہ زندگی بسر کریں گے

(b) دولت سمٹ کر رہ جائے گی عیسٰی علیہ السلام کو مذہبی سرداری مل جائے گی

(c) مذہبی سرداری اور اجارہ داری ختم ہو کر رہ جائے گی

(d) عبادت گاہوں میں حضرت عیسٰی علیہ السلام کی اجارہ داری ہو جائے گی

**سوال نمبر 22-** **حضرت سلمانؓ فارسی کے خاندانی پس منظر کے حوالے سے کون سی دو باتیں درست ہیں؟**

(a) راہب، تاجر (b) عیسائی مبلغ، زمیندار

(c) آتش کدے کے انچارج، جاگیردار (d) مسلمان، جاگیردار

سوال نمبر 23- کون سے اشارات اُخروی زندگی کی نشاندہی کرتے ہیں

(a) عارضی زندگی، دارالعمل، آخرت کی کھیتی

(b) دائمی زندگی، یوم الحساب، جزاوسزا

(c) دنیا مستقل ٹھکانہ، مغفرت کا موقع، دردناک عذاب

(d) اعمال کا حساب کتاب، انعام واکرام، دنیا سے محبت

سوال نمبر 24- معذوروں کے حقوق کا بیان کن الفاظ کی فہرست سے نمایاں ظاہر ہوتا ہے؟

(a) دائمی سوگ کا خاتمہ، دوسری شادی کی آزادی، اپنی مرضی کرنے کا اختیار

(b) قہر اور ستم نہ کیا جائے۔ اللہ کی رضا کے لیے کھانا کھلانا، انکا مال اپنے مال میں شامل نہ کرنا

(c) برے القابات سے باز رہنا، تیمارداری اور خدمت، ان پر جہاد کرنا لازم نہیں

(d) سفر سے واپسی پر استقبال کرنا، تنہائی کے لیے وقت دینا، روزہ رکھنا

سوال نمبر 25- ایک صحابی حضرت خبابؓ پر کفار مکہ نے جو ظلم ڈھائے ان کو ظاہر کرنے کے لیے الفاظ کی صحیح فہرست منتخب کریں۔

(a) زمین میں گاڑھنا، لوہے کی کنگھیوں سے گوشت الگ کرنا، آرے سے چیرنا

(b) طرح طرح کے ظلم، زمین میں گاڑھنا، تلوار کے گھاؤ

(c) نیزوں کے کچوکے، تلوار کے گھاؤ، سولی پر لٹکا دینا

(d) کوئلے دہکا کر ان پر لٹا دینا، جسم کی چربی کا پگھلنا، طرح طرح کے ظلم ڈھانا

سوال نمبر 26- "اِنَّمَاالۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَۃٌ" کا مفہوم واضح کرنے والے الفاظ کی فہرست منتخب کریں۔

(a) رنگ، نسل اور زبان کا امتیاز ختم، مہاجرین وانصار، خون کے رشتے سے زیادہ مضبوط

(b) رنگ، نسل اور زبان کا امتیاز ختم، مخصوص علاقہ، خونی رشتہ

(c) مختلف مذاہب میں یکسانیت، آدم علیہ السلام کی اولاد، مخصوص اقوام

(d) مختلف اقوام میں یکسانیت، انبیاء کی اولاد، مومنوں کے رشتہ دار

سوال نمبر 27- منافقت کی نشاندہی کرنے والے اشارات کی فہرست منتخب کریں۔

(a) بددیانتی، سستی وکاہلی، بے حسی، دوغلا پن

(b) وعدہ خلافی، اسراف وبخل، بدکلامی، دھوکہ دہی

(c) ظالم ہونا، اخلاص کی کمی، دھوکہ دہی، بے روزگاری

(d) منافقانہ چکنی چپڑی باتیں، دھوکہ دہی، دروغ گوئی، بددیانتی